اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

مدنی پھول آن لائن مدنی مشورہ نگرانِ شوریٰ حاجی محمد عمران عطاری

17جمادی الاولیٰ1445ھ،1دسمبر2023ء	آن لائن / عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی

1. **ہفتہ وار اجتماع، دعوتِ اسلامی کا اوّلین دینی کام ہے۔**
2. شرکاء کے اعتبار سے اجتماع بڑا ہونا **دعوتِ اسلامی کی نیک نامی** کا باعث بنتا ہے۔
3. **دیکھ کر بیان پڑھنا اور ہے، دیکھ کر بیان کرنا اور**، ایسے مبلغین کو ہفتہ وار اجتماع میں بیان دیجئے جو واقعی بہت اچھے انداز سے بیان کر سکتے ہوں۔
4. ہفتہ وار اجتماع کے شرکاء کی توجہ کو برقرار رکھنے کے لیے مبلغ کو دورانِ بیان **آواز کا اُتار چڑھاؤ، Body Language کا خیال** رکھنا بہت ضروری ہے۔
5. **ملک و بیرونِ ملک** سینکڑوں مقامات پر ہفتہ وار اجتماعات ہو رہے ہیں، جن میں **ہر ہفتے شرکاء کی تعداد لاکھوں لاکھ** ہوتی ہے۔
6. **ماہِ جُمَادَی الْاُخْریٰ "ماہِ ہفتہ وار اجتماع"** منانے کا طے ہوا۔(14دسمبر2023ء تا14جنوری2024ء)
7. ماہِ ہفتہ وار اجتماع کی تحریک شروع ہونے سے پہلے والے ہفتہ وار اجتماع(7دسمبر2023ء) کی تعداد نوٹ کی جائے، پھر ہر ہفتے **تعداد بڑھنے کا جائزہ** لیا جائے۔
8. ہر ہفتہ وار اجتماع میں **شرکاء کا ہدف وہاں کی آبادی کے مطابق** طے کیا جائے مثلاً ایک اجتماع میں جتنے ٹاؤن / دیہات وغیرہ شرکت کرنا طے ہیں، ان کی آبادی کے مطابق ہدف طے کر کے عاشقانِ رسول کو اجتماع میں لانے کی کوشش کی جائے۔
9. ہفتہ وار اجتماع کے شرکاء کی تعداد کو بڑھانے کے ساتھ ساتھ برقرار رکھنے کے لیے **اجتماع کی گاڑیوں کا مستقل نظام** بنانا ضروری ہے، فقط کسی مبلغ کے نام پر عوام کا جمع ہونا قدرے مشکل ہے، اجتماع کے لیے **گاڑی کی سہولت** دے کر اس کو بہتر کیا جائے۔
10. ہفتہ وار اجتماع کے دینی کام کے لیے فنانس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے **جتنا بجٹ طے ہے**، وہ اس مد میں خرچ کر کے ہفتہ وار اجتماع کی تعداد کو بڑھایا جائے۔
11. میں خود ایک عرصے تک **ہفتہ وار اجتماع کے لیے گاڑی** لے کر جاتا رہا ہوں۔(نگرانِ شوریٰ)
12. **ہفتہ وار اجتماع میں ذکر ایک خوبی ہے**، ذکر کروانے والا اسلامی بھائی بھی نیک، پرہیزگار، متقی ہونا چاہئے۔
13. مبلغین، اجتماع کے اختتام پر **عاشقانِ رسول سے ملاقات ضرور** کریں۔
14. تمام ذمہ داران انفرادی طور پر شرکت کرنے کے بجائے **اپنی مسجد / ٹاؤن سے قافلہ بنا کر لائیں** اور اجتماع والی گاڑی میں عاشقانِ رسول کے ساتھ بیٹھ کر آئیں۔

15. تمام ذمہ داران وعاشقانِ رسول بالخصوص مبلغین بیان کے بعد **ہفتہ واراجتماع میں ہی رات گزاریں۔**

16. پاکستان کے ہفتہ واراجتماع کے **مبلغین کا انتخاب پاکستان مشاورت آفس** اور بیرونِ ملک کے مبلغین کا انتخاب اِنٹرنیشنل افیئرز آفس کرے گا۔

17. کمزور تعداد والے ہفتہ واراجتماعات کو **4 ہفتوں کا ہدف دیا جائے**، اس کے بعد بھی اگر بہتری نہ آئے تو طے شدہ طریقہ کار کے مطابق اس اجتماع کو کسی دوسرے ہفتہ وار **اجتماع میں ضم** کر دیا جائے۔

18. **پاکستان مشاورت آفس SOPs بنائے** کہ کتنی تعداد والے اجتماع کو **ہفتہ واراجتماع کا نام** دیا جائے گا۔

19. **نمایاں کارکردگی والوں کو تحائف** دے کر حوصلہ افزائی کی جائے۔

ہفتہ واراجتماع کے شرکاء کی تعداد بڑھانے کے چند اِقدامات

- ہفتہ واراجتماع میں عوام کو لانے کے ساتھ ساتھ **ذمہ داران کی خود اپنی اوّل تا آخر شرکت بہت ضروری ہے۔**
- **جامعۃ المدینہ و مدرستہ المدینہ** (بوائز)، **مدرستہ المدینہ بالغان** کے تمام طلبہ، مدرسین، ناظمین، شعبے کے تمام ذمہ داران، سرپرست صاحبان کی شرکت کو **یقینی بنایا جائے۔**
- **اعتکاف، مدنی کورسز** کیے ہوئے، **بڑی راتوں کے اجتماعات** میں شرکت کرنے والے، **جلوسِ میلاد** میں شرکت کرنے والے، دعوتِ اسلامی کو **ڈونیشن** دینے والے، **قربانی کی کھالیں** دینے والے، **جامعات و مدارسِ اہلسنت** کے طلبہ و اساتذہ کو ہر ہفتہ واراجتماع کی **دعوت دی جائے۔**
- **جامعۃ المدینہ** سے درسِ نظامی مکمل کرنے والے، **مدرستہ المدینہ** کے حفاظ سے مسلسل رابطہ رکھا جائے۔
- ہفتہ واراجتماع کی کارکردگی کا ماہانہ نہیں بلکہ **ہفتہ وار جائزہ لیا جائے۔**
- ہفتہ واراجتماع میں **جن شعبہ جات کے بستے** لگنا طے ہے (مثلاًروحانی علاج، مکتبۃ المدینہ وغیرہ)، **طے شدہ مقام پر بروقت بستہ** (Stall) لگنا چاہیے، جہاں پر شعبے کے ذمہ داران **بھی موجود رہیں۔**
- ہر سطح کے نگران، اپنی مشاورت (مع شعبہ جات ذمہ داران) کی **ہفتہ واراجتماع میں شرکت کی حاضری** کا ریکارڈ بنائیں۔
- شعبۂ تعلیم کے تحت تعلیمی اِداروں سے وابستہ **اسٹوڈنٹس، ٹیچرز، پروفیسرز صاحبان** کو بھی فوکس کیا جائے۔
- **موسم کے لحاظ سے بہترین اِنتظامات** مکمل ہونا ضروری ہیں۔ (سردیوں میں ہیٹر، گرم پانی اور گرمیوں میں پنکھے، ٹھنڈا پانی وغیرہ)۔

پاکستان مشاورت آفس

17 جمادی الاولیٰ 1445ھ، 1 دسمبر 2023ء